# 21-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے نبارڈ چیرمین شاہ جی کے وی پر زور دیا کہ وہ آر آئی ڈی ایف کے تحت کم شرح سود پر قرض فراہم کریں اور چھوٹی آبپاشی کیلئے فنڈس منظور کریں۔

۲۔آرایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے انتخابات سے پہلے کئے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے پر کانگریس حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔بی جے پی نے کہا کہ اس بجٹ کے ذریعہ پہلے سے قرض میں ڈوبی ریاست مزید بحران کا شکار ہوگی۔

۳۔مرکزی حکومت کی جانب سے آبادی کی بنیاد پر مجوزہ حد بندی مشق کے تناظر میں غیر بی جے پی ریاستوں کے نمائندوں کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی اہم میٹنگ کل چینائی میں منعقد ہوگی۔

اور

۴۔وزیراعظم نریندر مودی نے کوئلہ کی پیداوار میں ایک ارب ٹن کا نشانہ عبور ہونے کی ستائش کی۔

WEATHER:

تلنگانہ کے اضلاع کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جگتیال، پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی کے بعض علاقوں میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست کے بعض علاقوں میں آئندہ تین دنوں تک گرج چمک اور تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقام پر بارش ہوئی ہے۔محکمہ کے مطابق میدک میں کل سب سے زیادہ 39.6 ڈگری سلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

HARISH:

بی آرایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے انتخابات سے پہلے کئے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے پر کانگریس حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔قانون ساز اسمبلی میں آج بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے ہریش راؤ نے حکمراں پارٹی پر لوگوں کو گمراہ کرنے اور اپنے وعدوں کو وفا نہ کرنے کا الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے مفت میں ایل آرایس اسکیم نافذ کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن اب حکومت عوام سے بھاری فیس وصول کررہی ہے۔ ہریش راؤ نے قرض معافی اسکیم پر بھی حکومت گھیرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے اس اسکیم کے لئے 31 ہزار کروڑ روپے جمع کرنے کا دعویٰ کیا ہے لیکن اب تک صرف 20 ہزار کروڑ روپے کے قرض ہی معاف کئے گئے۔ بی آرایس ایم ایل اے نے مزید کہا کہ جاریہ مالیاتی سال کے دوران بلاسودی قرض جاری

نہیں کیئے گئے جبکہ حکومت اس حوالہ سے دعوے کررہی ہے۔ انہوں نے بجٹ میں ریتو بندھو کے تحت کسانوں کو فی ایکڑ 15 ہزار روپے دینے کے وعدہ کو پورا نہ کرنے اور لگان کسانوں کو نظرانداز کرنے کا بھی الزام لگایا۔ ہریش راؤ نے اندراماں مکانات تعمیر نہ کرنے پر بھی حکومت کی نکتہ چینی کی۔

SOUND BYTE

SEETHAKKA:

ریاستی وزیر پنچایت راج و دیہی آبی سربراہی ڈاکٹر انا سویا سیتااکا نے اس بات کا اعادہ کیا کہ آبی ذخائر میں مناسب پانی دستیاب ہے اور بلارکاوٹ پانی سربراہی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں جن دیہاتوں کو پانی کی قلت کا سامنا رہتا تھا وہاں پر بھی پانی کی سربراہی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ ریاستی وزیر نے موسم گرما کے پیش نظر مشن بھاگیرتا دفتر واقع ایرم منزل میں آج عہدیداروں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کی اور آبی ذخائر میں پینے کے پانی کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ عادل آباد اور ایجنسی علاقوں میں بورویل کھودے جارہے ہیں تاکہ مذکورہ علاقوں میں پانی کی قلت نہ ہوسکے۔

SCC:

ریاست بھر میں آج سے ایس ایس سی امتحانات کا آغاز ہوا۔ 11 ہزار 547 اسکولوں کے پانچ لاکھ سے زیادہ طلبہ نے آج پہلا پرچہ دیا۔ 2650 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ فلائنگ اسکواڈ کے علاوہ چیف سپرنٹنڈنٹ اور محکمہ جاتی آفسران امتحان کے عمل کی نگرانی کررہے ہیں۔ ڈائرکٹر آف گورنمنٹ اگزمنیشن نے 9:30 کے بعد امتحانی مرکز پہنچنے والے طلبہ کو پانچ منٹ کا زائد وقت دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق خوشگوار طریقہ سے امتحان منعقد ہوا اور اس دوران کوئی بڑا واقعہ سامنے نہیں آیا۔ حیدرآباد میں 77 ہزار 701 طلبہ رجسٹرڈ ہیں اور ضلع میں 358 امتحانی مراکز قائم ہیں اور یہاں 14 فلائنگ اسکواڈ ہیں۔ منچریال ضلع کے ایک سرکاری اسکول کے مرکز میں آج امتحان شروع ہونے میں تاخیر ہوئی ہے۔

NABARD:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے نبارڈ چیرمین شاہ جی کے وی پر زور دیا کہ وہ آرآئی ڈی ایف کے تحت کم شرح سود پر قرض فراہم کریں اور چھوٹی آبپاشی کیلئے فنڈس منظور کریں۔ وزیراعلیٰ شاہ جی سے اپیل کی کہ وہ موجودہ کوآپریٹیو سوسائٹیز کو مستحکم کریں اور مزید نئے سوسائٹیز قائم کریں۔ نبارڈ چیرمین شاہ جی کے وی نے آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے سکریٹریٹ میں ملاقات کی۔ اس ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور نبارڈ چیرمین نے خواتین سیلف ہلپ گروپس کو مضبوط کرنے اور خواتین

کیلئے خصوصی اسکیم لانچ کرنے پر بات کی۔وزیراعلیٰ نے نبارڈ سے درخواست کی کہ وہ ریاست میں آئی کے پیز گوداموں اور رائز ملوں کو مربوط کر کے چاول کی ملنگ صلاحیت میں اضافہ کرے۔اس دوران نبارڈ چیرمین نے نئے اضلاع میں ڈی سی سی بیز کے قیام کی تجویز پیش کی۔

PURPLE FEST:

مرکزی وزارتِ سماجی انصاف وخودمختاری کے تحت معذورافراد کو بااختیار بنانے کے محکمہ کی جانب سے راشٹرپتی بھون نئی دہلی میں آج کل یومی پرپل فیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔مرکزی وزیر برائے سماجی انصاف ڈاکٹر وریندر کمار نے اس تقریب کی صدارت کی۔سبھی کیلئے بہتر مواقع کے مقصد سے یہ فیسٹول منعقد کیا گیا۔مرکزی وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ معذورین کے حقوق سے متعلق قانون کے نفاذ سے معذور افراد کی زندگیوں میں خودانحصاری، اعتماد کا اضافہ ہوا ہے۔

LS - TB FREE NATION:

مرکزی حکومت نے کہا کہ ہندوستان اس سال ٹی بی سے پاک ہونے کیلئے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ملک میں ٹی بی کے واقعات کی شرح میں 17.7 فیصد کمی آئی ہے۔سال 2015ء میں ایک لاکھ کی آبادی پر 237 افراد اس مرض کا شکار تھے تو سال 2023ء میں یہ تعداد ایک لاکھ کی آبادی پر 195 تک کم ہوئی ہے۔لوک سبھا میں وقفہ صفر کے دوران مرکزی وزیر مملکت برائے صحت انوپریا پٹیل نے یہ جانکاری دی۔مرکزی وزیر نے کہا کہ ٹی بی کی وجہ سے اموات کی شرح میں سال 2015ء کے مقابلہ 2023ء میں 11 فیصد کمی آئی ہے۔مرکزی وزیر نے بتایا کہ حکومت نے ٹی بی سے نجات کیلئے 100 دن کی مہم شروع کی ہے اور 33 ریاستوں اور یوٹیز میں 347 اضلاع کی نشاندہی کرتے ہوئے وہاں ٹی بی کے لاپتہ کیسس پر کام کیا جارہا ہے۔

IPL:

اتوار کو اپل کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ٹاٹا آئی پی میچ کی تیاری کے پیش نظر حیدرآباد سٹی پولیس نے سیکورٹی آپریشن کا اعلان کیا ہے۔کھلاڑی اور شائقین کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے 2700 پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا جارہا ہے۔پولیس مختلف محکمہ جات کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے سیکورٹی اقدامات کو یقینی بنارہی ہے۔

MEETING:

مرکزی حکومت کی جانب سے آبادی کی بنیاد پر مجوزہ حد بندی مشق کے تناظر میں غیر بی جے پی ریاستوں کے نمائندوں کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی اہم میٹنگ کل چینائی میں منعقد ہوگی۔ دو وزرائے اعلیٰ ایک نائب وزیر اعلیٰ 20 سیاسی پارٹیوں کے نمائندے اس میں شرکت کریں گے۔ ڈی ایم کے کی جانب سے یہ میٹنگ طلب کی گئی ہے۔ اگر آبادی کے لحاظ سے حد بندی ہوتی ہے تو ٹاملناڈو کو جملہ 39 سیٹوں میں سے 8 پارلیمانی سیٹیں گنوانی پڑسکتی ہے۔ جنوبی ہند کی دیگر ریاستوں کو بھی نقصان ہونے کا امکان ہے۔ ٹاملناڈو کے وزیر اعلیٰ اسٹالن نے کہا کہ اس مشق کے ذریعہ ان ریاستوں کو سزا دی جارہی ہے جنہوں نے آبادی پر کنٹرول کے اقدامات کیئے ہیں اور ملک کی ترقی می ں اہم کردار ادا کیا ہے۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور بی آر ایس کے دیگر قائدین بھی اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

PM - COAL:

وزیر اعظم نریندر مودی نے کوئلہ کی پیداوار میں ایک ارب ٹن کا نشانہ عبور ہونے کی ستائش کی۔ سوشیل میڈیا پوسٹ پر پی ایم مودی نے اسے ایک اہم حصولیابی قرار دیا اور کہا کہ اس سے ہندوستان کی توانائی کی سیکورٹی، اقتصادی ترقی اور خود انحصاری کا پتہ چلتا ہے۔ اس سے پہلے مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کہا کہ کٹنگ ایج ٹکنالوجیز اور موثر طریقہ کار اپناتے ہوئے ہندوستان نے کوئلہ کی پیداوار میں اضافہ کیا ہے اور کانکنی کے میدان میں بہتر کام کیا جارہا ہے۔

BJP:

اسمبلی میں بی جے پی کے فلور لیڈر مہیشور ریڈی نے ریاستی بجٹ کو جھوٹ کا پلندہ اور حقیقت سے بعید قرار دیا۔ انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وسائل کے استعمال کے لئے حکومت کیا اقدامات کررہی ہے۔ اسمبلی میں بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے مہیشور ریڈی نے کہا کہ بجٹ میں خواتین کو معاوضہ اور وظیفوں میں اضافہ کا کوئی ذکر نہیں ہے اور یہ بجٹ ترقیاتی و بہبودی سرگرمیوں پر توازن رکھنے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بجٹ کے ذریعہ پہلے سے قرض میں ڈوبی ریاست مزید بحران کا شکار ہوگی۔

OO